سوال

(142) فجر کی سنتوں میں ثناء کے بعد کوئی اور دعا پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی فجر کی نماز شروع کرتا ہے ۔ تو ثناء سبحانک اللھم یا کوئی دوسری مسنون دعا صرف سنتیں شروع کرتے وقت پڑھے گا یا کہ فرضوں کے ساتھ دوبارہ پڑھنا ہوگی ؟ نیز ایک آدمی جماعت کے ساتھ دوسری یا تیسری رکعت میں ملتا ہے تو اسے بھی یہ دعا پڑھنا ہوگی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہر نمازی نے تکبیر تحریمہ کے بعد متصل شروع ہونے والی رکعت میں قراءت سے پہلے سبحانک اللھم یا کوئی دعائے استفتاح پڑھنی ہے نماز فرض ہو خواہ غیر فرض نمازی اکیلا ہو خواہ امام خواہ مقتدی ابتداء سے امام کے ساتھ ملا ہو یا درمیان میں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص 134

محدث فتویٰ